Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

संपा.
... दर्शन विशेषांक. वाराणसी :
1993.

3403
कालूरि हनुमन्तराव, ले
सीताहरणम्. दिल्ली : शिक्षा विभाग, 1987.
120पे0.
150345 813/332

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

71

71

مظلوموں کی بھینٹ

मजलूमों की भैंट

مصنفہ

مہاتما شری شہنشاہ جی مہاراج

महतमा श्री शहनशाह जी
की महाराज

شائع کردہ

71,U

5403

شہنشاہی ستروتکاری سنگھ

بٹلر روڈ لکھنؤ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مقدمہ

پرانے زمانے کی روایت ہے کہ کسی دیش کی عدالت میں ایک عجیب مقدمہ پیش ہوا۔ وہ یہ کہ دو عورتیں ایک بچے پر لڑ رہی تھیں ان میں سے ہر ایک بچہ کو اپنا کہتی تھی اور دونوں زبردستی اس کی مالک یا ماں بنتی تھیں عدالت کا عجیب کشمکش میں پڑا ہوا تھا۔ عورتوں نے عدالت کو اپنے نالہ و فریاد و آہ و زاری سے گونجا دیا۔ جج اس قابل نہیں تھا کہ دونوں کو سچ جھوٹ کی تمیز کا باعث بن سکے۔ وکیل اور گواہ سب بچہ کی صحیح شناخت سے قاصر رہا۔ جج وکیل منشی چپراسی وغیرہ سب کس کو جھوٹا کس کو سچا کیسے بتلائیں۔ ایسی حالت پیدا ہو گئی جو پہلے کبھی دیکھی تھی نہ سنی۔ اتفاق کی بات اسی وقت وہاں ایک فقیر صورت انسان کا آنا ہوا۔ سب معاملہ دیکھ سن کر اس نے جج کے کان میں کچھ کہا۔ جج نے خوش ہو کر دوسرے دن فیصلہ سنانے کا وعدہ کر کے دونوں عورتوں کو بچہ سمیت نظر بندی کا حکم دیکر در دولت کی طرف قدم بڑھایا۔

دوسرے دن وقت سے پہلے ہی عدالت کے احاطے میں لوگوں کا تانتا بندھ گیا۔ ہر ایک کے دل میں یہ سوال کہ دیکھیں اب جج صاحب کیا اور کس طرح فیصلہ کرتے ہیں۔ جج اور کل والی فقیر صورت پاس پاس متمکن ہوئے۔ بچہ اور دونوں عورتوں کو پیش کیا گیا۔ چاروں طرف سناٹا تھا۔ عورتیں بھی اس وقت چپ تھیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

71:U

جج نے اس خاموشی کو یہ کہہ کر توڑا [illegible] دونوں کا جھ
ہم حکم دیتے ہیں کہ دونوں دعویدار بچہ کی ایک ایک ٹانگ پکڑ کر زور آزمائی
کریں جو بچہ کو کھینچنے میں کامیاب ہوگی بچہ اسی کا سمجھا جائے گا۔

پہلے تو دونوں راضی ہوگئیں مگر جب کھینچا تانی میں بچہ کی جان پر بننے کا موقع
آیا تو ایک نے اپنی گرفت کو ڈھیلا کرکے دونوں ہاتھ باندھ کر زار زار رو کر حاکم سے
عرض کیا کہ حضور میں راضی ہوں کہ بچہ اسی کو دیدیا جائے۔ یہ کہہ کر بیچاری روتی ہوئی
عدالت سے باہر چلی گئی تھی کہ عدالت نے فوراً حکم دیا کہ بچہ اس عورت کو دیدیا جائے اور
دوسری عورت کو ہتھکڑی لگا کر حوالات میں بھیج دیا جائے اور عورت کے لئے جو بڑی
سے بڑی سزا ہو سکتی تھی وہ اس کے لئے تجویز کی اور حکم میں لکھا کہ اگر یہ سچ سچ کہہ دے تو اسے
کچھ رعایت بھی ہو سکتی ہے۔

پس جب اس کی اپنی جان پر بنی تو عدالت کو مخاطب کرکے یوں گویا ہوئی کہ میں
اور یہ عورت جس کو بچہ دلایا گیا ہے یہاں ایک دن ایک سرائے میں مقیم ہوئیں ہمارا
دونوں کی گودی میں دو بچے دودھ پیتے چار دن کے تھے۔ ایک رات ایسا اتفاق ہوا
کہ میرے بچہ کی شدید کھانسی کی وجہ سے موت ہوگئی یہ اس وقت وہاں موجود
نہیں تھی اور بچہ کو میری تحویل میں چھوڑا ہوا تھا۔ اس کے آنے پر میں نے کہا کہ تمہارا
بچہ موت کی گود میں ہمیشہ کے لئے سو گیا۔ اب سوائے صبر کے اور کیا ہو سکتا ہے مگر یہ
بات کا اس کو یقین کیسے ہو سکتا تھا اپنے بچہ کو اچھا بھلا چھوڑ کر گئی تھی ناچار

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اُس نے رونا دھونا شروع کر دیا اور اپنے بچہ کو مجھ سے چھین کر چھاتی سے لگا لیا میں نے
بچہ کو زبردستی چھین لیا اور دونوں نے غل غپاڑہ مچانا شروع کر دیا۔ بعد کا حال حضور
اور رعایا سب جانتے ہی ہیں۔ یہ سنکر عدالت نے اس کو کیا سزا دی۔ اس معاملہ کو ہم
ناظرین پر چھوڑ کر اس مضمون کی ماہیت اور اصل مطلب کی طرف رجوع کرتے ہیں
ممکن ہے بہت لوگوں نے اوپر لکھی روایت سنی ہوگی مگر بہت کم ایسے ہوں گے
جو اس کا تعلق آج کل کے پولیٹکل معاملات سے سمجھتے ہوں گے سنئے بچہ اصل رعایا یا ملکیت
یا سوراج کے ہیں اور دو مائیں ہیں یہاں کی مخالف جماعتیں۔ باقی آپ خود سمجھ لیں۔
سچ یا جھوٹ۔ اصلی اور نقلی ماں کی ماہیت کا پتہ اپنے غور و فکر سے طے کر لیں۔

اس میں شک نہیں کہ آج کل کے انسانوں نے وہ مثال قائم کی ہے
جو کہ جنگلی درندوں اور کمینے سے کمینے زمانہ گزشتہ کے انسانوں سے نہیں
ہو سکی۔ کتے۔ وحشی۔ بن مانس۔ بھوت۔ چڑیل غرض تمام اقسام کی کردہات
کے وہم و گمان سے پار پہونچ کر بیسویں صدی کے انسان نے تہذیب
کی تواریخ کے ورق کو ظلم و ستم کی قلم اور نجاست کی سیاہی سے لکھا ہے۔
جس کو پڑھ کر ضعیف الاعتقاد تو کیا خود حضرتِ شیطان بھی کانپ اٹھیں گے
اس بات کا موجد کون ہے؟ یہ کس کے دماغ کی اختراع ہے۔
یہ بھی ناظرین خود ہی سوچیں اور سمجھیں ہم تو اجمال اور اختصار کو ہی
بہترین سمجھتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک مرتبہ کچھ آدمی ہمارے سامنے چکر کاٹ رہے تھے جن کی شکل سے یاس و حسرت ٹپک رہی تھی۔ بے بسی آہ و نالہ کی مجسم تصویر۔ پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت۔ تن کو پھٹے پرانے چیتھڑوں سے برائے نام ڈھکا ہوا۔ رونا اور ڈراؤنا چہرہ آنکھیں تھیں کہ ماہی بے آب کی حالت۔ ایسا جان پڑتا تھا کہ یہ کچھ کہنا چاہتے تھے۔ ہم نے پوچھا کہ تم لوگ کہاں سے آرہے ہو۔ اور کہاں جاؤ گے۔ کہا کہ آئے تو بہت اطمینان اور آسایش کی جگہ سے تھے اور جانا بھی ایسی ہی جگہ چاہتے ہیں۔ مگر اب جو منزل طے کر رہے ہیں وہ نہایت دُکھ درد کی بھری ہوئی ہے۔ قدم قدم پر ذلت و خواری کی بھر مار ہے جتنا تیزی سے چلتے ہیں اتنا ہی خود کو اور بھی اسیر رنج والم پاتے ہیں کچھ سمجھ میں نہیں آتا کیا کریں کیا نہ کریں۔

ان کی حالتِ زار کو سُن کر ہم نے پوچھا کہ جب تم ایسے آرام کی جگہ تھے تو اس کو چھوڑا ہی کیوں۔ کہا کہ غلط صلاح دینے والے اور بے پر کی اُڑانے والے یارانِ طریقت کہاں نہیں پہونچتے! دنیا میں ایک ایسی جماعت بھی ہے جس کو کسی کا چین و قرار ایک آنکھ نہیں بھاتا۔ اُس نے گویا سب کو تڑپتا دیکھنا ہی اپنا دھرم و ایمان سمجھا ہوا ہے۔ بس یہ اس کی مہربانی کا نتیجہ ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایسے لوگوں نے طرح طرح کے سبز باغ دکھاے کہا کہ یہاں کہاں پڑے ہو اگر ہمارے پیچھے آؤ تو تمھیں ایسی جگہ مل جائے جو اس سے ہزار درجہ بہتر ہوگا ہے۔ قسمت کی الٹے ہم اُن عورتیں انسان شیطانوں کی راہ چلدیئے۔ جو کچھ ہمارے پاس تھا وہ تو انھوں نے لے لیا اور آئندہ کے لئے ہم کو اپنا پیشہ کار بنا کر ہمیشہ لوٹتے رہنے کے ذریعے ہمارے ذہن میں ایسے طریقے سے ڈہالے کہ اب اُن سے پیچھا چھڑانا ہمیں ناممکن کا مترادف ہے۔

ناظرین اسی حالت کا خاکہ اس کتاب میں منظوم مرقوم ہے اگر اس سے عوام کو کچھ فائدہ پہونچا تو ہم بھی خود کو ان میں سے ایک سمجھیں گے۔ یہ چھوٹی سی تحفہ ہم تہ دل سے

مظلوموں کی بھینٹ

کرتے ہیں اور ہم یہی نام اس کے لئے موزوں سمجھتے ہیں آپ دیکھیں گے کہ کسی کسی نظم پر (مشاہدہ) وغیرہ الفاظ لکھے ہیں نظم پڑھ کر اس کا مطلب آسانی سے سمجھ میں آجائیگا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اس میں بہت سے دردوں کا ذکر تو ہم نے کیا ہے مگر ایک خاص درد جسے اب تک اکثر اندر ہی چھپائے ہوئے ہیں وہ یہ کہ آج کل کے انسان نے جہاں اپنے ہم جنس پر ظلم ڈھائے ہیں جانوروں اور حیوانوں کو بھی نیچا دکھایا ہے۔ وہاں کمزور، لاچار، غریب، بے زبان اور بے کس جانوروں پر بھی اپنے ظلم و جبر و ستم کا جھنڈا از زمین تا آسمان بلند کیا ہوا ہے۔

چڑیا گھر اور گھریلو پالتو جانوروں کو تو ممکن ہے کوئی اس لئے نظر انداز کر دے کہ ان کو بیٹھے بٹھائے کچھ نہ کچھ دانہ پانی تو دیا ہی جاتا ہے مگر اس ساری عمر کے دانہ پانی پر اگر ان کے دل سے پوچھا جائے تو وہ آزادی کو ہزار ہا سال کی بھوک پر ترجیح دیں گے۔

ناظرین کیا آپ نے بارہا نہیں دیکھا کہ گدھے گھوڑے بیل، اونٹ، ہاتھی، بندر، ریچھ، بھیڑ بکری، یہاں تک کہ سانپ اور شیر وغیرہ چرند و پرند سب انسان کے ظلم سے نالاں ہیں۔

سمجھ میں نہیں آتا کہ پھر انسان کو اشرف المخلوقات کیوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کہا جاتا ہے۔ ہمارے خیال میں اشرف یا شریف تو وہ ہی ہو سکتا ہے جو کسی کو محض اپنی تفریح کے لئے ایذا رسانی سے پرہیز کرے ہاں اگر انسان کو کسی سے گزند پہونچے تو اس کا بدلہ شریفانہ طور پر چکانے میں ہرج نہیں۔

ہمیں اس کے لئے بھی افسوس ہے کہ اب تک عام انسانوں کی اس طرف بہت کم توجہ ہوئی ہے۔ اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کر رکھئے کہ حضرت انسان کی آئے دن کی مصیبتوں اور پریشانیوں کا کارن جہاں اور بہت سی باتیں ہیں وہاں جانوروں پر ظلم اور خاص کر اُن پر جو کہ بالکل اور کما حقہ طور پر آدمی کے دستِ نگر یعنی ہاتھ میں یا وہ جن کو اپنے کام کے لئے رکھا ہوا ہو۔ نیز اس ذیل میں ان پر ظلم و ستم ڈھانے والے وہ لوگ ہیں جو کہ اپنے آپ کو پارسا اور پرہیزگار اور اہنسا پرمو دھرما کے پیرو کار بتلاتے ہیں۔ اگر کسی نے اس بات کا کھلے بندوں مظاہرہ کرنا ہو تو اودھ میں پہونچ جائے اور سب سے پہلے شہر لکھنؤ میں آکر یکّے تانگے کے گھوڑوں کا حلیہ دیکھے، پھر اس علاقہ کے بیلوں کا معائنہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کرے، پھر وہاں سے دیکھتا ہوا یدھا مریادا پُرشوتم رام
کی نگری اجودھیا میں پہونچے اور وہاں پر گھوڑوں
گدھوں کی ناگفتہ بہ حالت کا موازنہ کرے۔ اور خاصکر
دھوبیوں کے گدھوں کو ضرور دیکھئے ہم نے اگلے دن سر بازار
دیکھا تھا کہ ایک دھوبی بہت ہی چھوٹے گدھی کے بچے اور زچہ
اور نوزائیدہ بچے والی گدھیوں پر من من بوجھا لادے جا رہا تھا
ان بیچاروں کی ٹانگیں کمان کی طرح خمیدہ تھیں اور ایک دم۔
دم لینے پر تیر کی طرح دھوبی کا ڈنڈا پڑتا تھا۔ یہ دو چار ڈنڈے
گویا ہم اپنی پیٹھ پر کھا کر دھوبی سے کچھ کہنے کو ہوئے کہ وہ
اس طرح بھاگا جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ اور تحصیل سے بندر
ہمارے ساتھ اس وقت ایک مہنت بھی تھا جب ان کی توجہ
ہم نے اس دردناک سین کی طرف مبذول کرائی تو وہ بہت متاثر ہوا
اور کہا کہ اس کا علاج جو ہو سکے گا وہ کروں گا۔

ان بیچاروں کے دکھ کی اپیل ہم نے بہت مختصر طور پر
سامنے رکھ دی ہے اب آپ لوگوں کا جو فرض ہو ادا کیجئے۔ اگر
آپ معمولی انسان ہیں تو جہاں ایسا دکھ دیکھیں فوراً متعلقہ افسران
کو آدمیت سے سمجھائیں۔ نہ مانے تو پولیس میں رپورٹ کریں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

آگے جو خدا کو بھاوے۔ خود پر دکھ پڑے تو رونا چھوڑ کر ان بے زبانوں کے دکھ کی طرف بھی خیال کریں۔ اور جیتے دکھ کے ساتھ ساتھ اگر وہ دن بنے پروردگار جانداروں کی بھلائی بھی تو نظر رکھیں۔ ہمارا خیال ہے کہ اگر ہر انسان اس عادت کو اپنے روزمرہ میں شامل کر لے گا تو انسان واقعی انسان کہلانے کا مستحق ہو جائے گا۔ ورنہ آئے دن نئی نئی مصیبتوں کا شکار تو ہو ہی رہا ہے۔ ابھی اور دیکھئے پردۂ غیب سے کیا ظہور میں آتا ہے۔ سچ پوچھو تو ایٹم بم، تارپیڈو، ہوائی جہاز، زہریلی گیس یہ سب ایسے کم نصیب انسانوں کی خاطر ہی ظہور میں آئے ہیں۔ اس موقع میں اگر ہم الفاظ صرف کرنے کے لئے نہ لکھیں گے تو ایک کتاب بن جائے گی۔ ایک سچا واقعہ ہے ایک روز ہمیں ایک ٹھاکر کے گھر جانے کا اتفاق ہوا وہاں ہم نے دیکھا کہ ایک بڑا کھرورا اور موٹا غریب آدمی ٹھاکر کے پاؤں دبا رہا تھا ہمیں دیکھ کر اس نے اس کو وہاں سے اٹھا دیا۔ پھر بات چیت کرتے کرتے ہم کو بیٹھنے کو کہا۔ ہم نے پوچھا کہ سیٹھ جی کھانا کون بناتا ہے۔ کہا کہ یہی آدمی جو یہاں سے گیا ہے۔ ہم نے کہا ہاں، برتن کا کام کون کرتا ہے؟ کہنے لگے کہ یہی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہم سب بال بچے ملا کر دس بارہ تو گھر کے آدمی ہی ہیں
سب یہی کرتا ہے۔ ہم نے پوچھا کہ کس وقت کیا کام کرتا ہے؟
کہنے لگا کہ کام وام تو کچھ نہیں اکثر خالی ہی رہتا ہوں۔ صبح ۵ بجے
اٹھ کر ۶ بجے تک کنگھی کی، پھر خالی، پھر رات کے کچھ جھوٹے
برتن ۷ بجے، پھر خالی، پھر بازار سے سبزی ترکاری
لایا پھر خالی۔ پھر چولہا ٹھیک کر کے دال چولہے پر رکھ
دیتا ہے اور سبزی تراشی، آٹا گوندھا پھر خالی۔ پھر
نو بجے کے قریب بچے اسکول جاتے ہیں۔ ان کو کھانا
کھلایا پھر خالی، پھر ہمیں اشنان کرایا، تیل کی مالش
کی، پھر خالی، پھر ہم نے دھوتی رکھی پھر خالی، اس کے
بعد سیٹھانی جی نے کھانا کھایا، پھر خالی، پھر یہ کھانا ہوگا
پھر خالی۔ چوکا برتن کیا پھر خالی، پھر بازار سے سودا سلف
لایا، پھر خالی، اتنے میں اسکول سے بچے آ جاتے ہیں ان کو
چائے پانی پلایا پھر خالی۔ پھر شام کا کھانا چڑھا دیا پھر خالی
پھر آٹھ سات بجے سب نے کھانا کھایا۔ نو بجے اعلیٰ حضرت جناب
بچھونا بستر تو رات کو ڈال لیتا ہے تاکہ ہم کو آرام رہے۔ ۱۰ بجے
کے قریب ہم پلنگ پر جاتے ہیں پھر یہ مٹھی چاپی کرتا ہے
کر کیا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہمیں کام بہت کرنا پڑتا ہے اگر یہ نہ دبائے تو بدن درد کرتا رہتا ہو۔

ہم نے کہا کہ اُس دن تو تم دن ہی میں پاؤں دبوا رہے تھے۔ کہا کہ اُس دن ہم موٹر پر کچہری گئے تھے بدن ہل جل سے درد کرنے لگا تھا اور یہ خالی ہوتا ہی ہے ہم نے یونہی اس کو دبانے کو کہہ دیا تھا۔

اس پر ہم ٹیکا ٹپنی کرنا مناسب نہیں سمجھتے ناظرین خود ہی فیصلہ کر لیں کہ اس قسم کے نکھٹو آدمیوں سے کیا سلوک کرنا چاہئے۔

اس سے ہمارا یہ مطلب نہیں کہ خواہ مخواہ نوکروں کی تعداد بڑھائی جائے اور حرام کار نوکروں کو بھی خاطر تواضع سے رکھا جائے۔ یہ دونوں باتیں ہم رئیسوں کے گھروں میں عام دیکھتے ہیں۔

ہم نے دیکھا ہے کہ تعلقداروں اور رئیسوں کے یہاں ایک کی جگہ چار چار نوکر ہیں۔ انہی کے ہاتھوں رئیس صاحب یا تو بالکل بکے ہوئے ہوتے ہیں یا وہ بیچارے ڈر کے مارے کوئی حقیقت ہی نہیں ظاہر کر سکتے گویا کہ عام طور پر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یہاں سم اوستھا یعنی میانہ روی سے رہنا بہت کم جانتے ہیں
گو کہ گیتا میں روز سنتے ہیں۔

योगस्थः कुरु कर्माणि।
सङ्गं त्यक्त्वा धनंजय!
सिद्ध्य सिद्ध्योः समो भूत्वा
समत्वं योग उच्यते।

یعنی اے ارجن سب کاموں کو یُکتی یعنی میانہ روی سے کر۔ اور فضول ظاہرداری کے ڈھنگ کو چھوڑ دے۔ کامیابی ناکامیابی میں ایک سمان رہنا ہی یوگ ہے۔ یہ حالت جب ہی ہو سکتی ہے جب آدمی ایشور کو حاضر ناظر سمجھ کر ٹھیک کام کرے۔

شہنشاہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کچھ ضروری اصول

۱- ہر وقت پرسن رہنا ہی سب سے بڑی پوجا یا عبادت ہے۔ یاد رکھو پرسن وہی رہ سکتا ہے جو ہر ایک کام کو ایشور ارپن کر کے فل کامنا سے رہت ہو کر کرتا ہے۔ ہر کام میں [illegible] یہ ہے کہ پھل کا لینے اور دینے والا وہ اپنے آپ کو سمجھتا ہو حالانکہ پھل کا دینے والا ایشور ہی ہے یہ اچھی بات نہیں ہے کیونکہ وہ خوب جانتا ہے کہ فلاں آدمی کو فلاں پھل دینا چاہئے۔ اگر پھل دینے کا کام کسی ایسے آدمی کے ہاتھ ہوتا جو اس سے کم درجہ کا ہوتا تو اندھیر مچ جاتا وہ پہلے ہی اپنے حصہ میں لے کر دوسروں کو تھوڑا ہی دیتا۔

۲- کسی کام کے کرتے وقت پھل و جلد بازی [illegible] میں نہ رہنا۔ ایسا کرنے سے نہ تو کام برابر ہوتا ہے اور نہ ہی پریم برقرار رہتا ہے اور طاقت بھی زیادہ خرچ ہوتی ہے۔ ہاں کسی کام کو شروع کرنے سے پہلے خوب سوچ بچار کر لینے میں کوئی نقصان نہیں مگر سوچ بچار میں ہی نہ رہے۔ خاص کر نیک کام کے لئے تو سوچ بچار [illegible] نہیں ہے۔ دنیاوی اور چھوٹے کاموں میں سوچ سے کام لینے کی ضرورت ہے۔ یاد رہے کہ طاقت انسان کا جوہر ہے اسے کسی جگہ استعمال کرو جہاں سے کہ اس میں اضافہ ہو کر ملے دھیان کسی ایک خاص جگہ ہونا چاہئے۔ دھیان سے مراد اپنی طاقت کو ایک مرکز پر قائم کرنے سے ہے

۳- جہاں تک ہو سکے جھگڑے کو ختم کرنے کو تیار رہو۔ شروع کرنے کو نہیں کیونکہ یہ ایک قدرتی بات ہے کہ جب کسی آدمی نے نادانی سے کوئی جھگڑا شروع کر دیا یا خود بخود ہو گیا تو اس کی اندرونی خواہش یہی ہو گی کہ اس کا جلد ہی خاتمہ ہو جاوے تو اچھا ہے۔ بیوقوف اور عقلمند میں اتنا ہی فرق ہوتا ہے کہ بیوقوف ایک جھگڑے سے کئی نیا قائم کر لیتا ہے مگر جو نہیں کہ وہ ختم ہوا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دوسرا شروع کر دیتا ہے اور عقلمند کسی چھوٹے جھگڑے کے ختم ہونے سے پہلے اس قسم کے تمام جھگڑوں کا ہی خاتمہ کر دیتا ہے۔ شروع کرنا تو ممکن ہی نہ ہو۔

۴۔ سچ بولنے سے پہلے سچ اور جھوٹ میں اچھی طرح تمیز کرنی اور یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ کسی سچے آدمی کی صحبت میں نہ رہا جاوے۔ ایسے شخص سچ ست رنگ میں رنگے جاتے لے سکتا ہے لیکن دنیاوی سودے کی قیمت ادا کرنے پر بھی دنیاوی سودا ناقص یا گھٹیا ہی کی طرف لے جاتا ہے مگر یہ سودا اسکے جھوٹ میں ہے اور اس میں سے جھوٹ ہمیشہ نکال دیتا ہے۔ سچ اور جھوٹ کی تمیز کر لی گئی ہو یا دونوں کے رکھتے ہیں۔

۵۔ سچائی اور دھرم کو ہمیشہ ایک سمجھے۔ ایسا عمل کرنے سے عمل جیون میں آنے کا موقع جلدی سے جلدی مل جاتا ہے۔ اکثر ایسے آدمی دیکھنے میں آتے ہیں جو ایک بات کو تمام عمر کہتے رہتے ہیں اور ہوتے بھی ہیں اس پر عمل کیا جاوے مگر اس پر عمل نہیں کرتے۔ اس کا کارن ان کا اس اصول کو نہ سمجھنا ہے۔

۶۔ صبح شام ایک آسن پر دونوں وقت بیٹھ کر ایشور کے دھیان میں مشق ابھیاس کرے۔ ایسا کرنے سے اس میں ایشور کی صفتوں کا سنچار ہوگا۔ ایشور کی صفت ست، چت اور آنند ہے۔ انکو ہم کہتے ہیں ایسے ابھیاس کا نام ہی دھرم ہے۔ ہر مذہب کے معنی ہیں۔ ہم ہمیشہ ڈھونڈتے یا لین رہتے کے ہیں اور وہ جب ہی ہو سکتا ہے جو ہر قسم کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دشمنوں سے آزاد ہے۔

۷۔ نفسانی جذبات کے سوائے کسی کو دشمن نہ سمجھے اور نفس پر قابو رکھنے کے سوائے دوست۔

۸۔ خوراک اور پوشاک صاف اور سادہ رکھے، غذا کا وقت وہی ہو جب اچھی طرح سے بھوک لگے۔

۹۔ کسی کو اپنا نہ سمجھے ہاں جو کوئی اُسے اپنا سمجھے ان کی بھلائی کے خیال کو نظر انداز نہ کرے۔ ایسا کرنے سے یہ مراد نہیں کہ سب کو برا یا غیر سمجھے بلکہ ہمیشہ ایک رس رہے اس کا ثبوت ان لوگوں کی بھلائی مدنظر رکھنا ہے۔

۱۰۔ اپنا کوئی خیال، لفظ یا کلام ایسا نہ ہو جس کا نتیجہ اپنے یا دوسرے کے لیے دکھ ہو۔

۱۱۔ بزرگوں کی سیوا تن، من، دھن سے کرے، ہاں اگر ایسا کرنے سے ایشور یا سچائی کے راستہ میں رکاوٹ ہو تو نظرانداز کر سکتے ہیں مگر اس بات کو سمجھے کہ آیا واقعی وہ راستی کی طرف ہے، کسی خدارسیدہ گرو سے پوچھے۔

حسب حقیقت دان، دیا، یام، شوچ، سوادھیائے، کمزوروں کی رکشا یہ آپ نیم ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

گم کردہ راہ مسافر کچھ جا رہے تھے اِک جا
رستے سے باخبر ہو ہر ایک جانتا تھا
گو چلتے چلتے اُن کو اِک ہو گیا زمانہ
لیکن کسی نے پایا منزل کا کچھ پتا نہ
ہر ایک دل ہی دل میں تھا ڈھونڈھتا ٹھکانہ
عقل رسا کی خاطر تھا ڈھونڈھتا ٹھکانہ
اِک اِک سے پوچھتا تھا رستہ ہو کتنا باقی
لیکن بتا دو کچھ تم کچھ تو بتا بلا قی
سہمے ہوئے تھے دل میں خاموش جا رہے تھے
پاپوش تھے بغل میں خاموش جا رہے تھے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جو کچھ تھا پاس توشہ وہ ختم ہو گیا تھا
ہر اک مسام تن کا اب چشم ہو گیا تھا
ناچار تھک کے بیٹھے اور زار زار روئے
لاچار ہو گئے سارے بھوکے پیاسے سوئے
پی کے مے خجالت مدہوش ہو گئے وہ
ظاہر بھی کھو گئے تھے باطن بھی کھو گئے وہ
جب نیند کو بھی ان کی ناچار نیند آئی
اور ہوش نے بھی تھک کر لی آخرش جمہائی
چارہ نہ کچھ رہا جب بیدار ہو نا سوجھا
خاموشی کو بالآخر گفتار ہو نا سوجھا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

راہ کھوجتے ہوئے اب سکی تھکی نگاہیں
حیرانگی نے اُن کی کھینچیں ہزار آہیں
پانی کا کچھ پتا تھا نہ دانے کا ٹھکانہ
ہر ذرہ دِیکھتا تھا ویرانے کا خزانہ
پہنچے تھے سارے اب وہ بس موت کے کنارے
اِک مرد پارسا کو دیکھا انھوں نے بارے
سر توڑ کوششیں کیں کہ دوڑیں پہنچیں اُس تک
وہ تو نہ جاسکے پر آواز پہنچی اُس تک
آواز پر وہ آیا جلدی قدم بڑھا کر
کیا ماجرہ ہے دیکھیں کچھ اور پاس جا کر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جب پاس پہنچا دیکھا اِک روگیوں کا جتھا
بے جان آدھ مرا سا اک سوگیوں کا جتھا
از رحم اُس نے پوچھا ہیں کون آپ بھائی
قسمت نے ہے تمھاری یہ کیسی گت بنائی
آئے کہاں سے ہو تم جانا کہاں ہے تم نے
منزل کا کچھ پتا ہے یا اُس کو کھو دیا تم نے
اک اک سے بڑھ کے کیوں ہو یہ حالِ زار سب کا
دَورِ فلک نے کیسے لاکر یہاں ہے پٹکا
چارہ جو ہو سکے گا ہم سے وہ ہم کریں گے
جو روگ ہوگا سب کا اُس کی دَوا کرینگے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

26784 71 95/9

زخمِ جگر پہ پھاہا مرہم کا ہم دھرینگے
جو ہو سکا تمھاری بِپڑا کو ہم ہرینگے

جبکہ اُنھوں نے سر پر اِک مہربان پایا
بس جاں میں جان آئی دم نکلا پھر سے آیا

دھانوں میں خشک اُن کے جیسے پڑا ہو پانی
گویا خدا نے اُن کی غم کی سُنی کہانی

اُن میں سے ایک بولا سنیئے جناب عالی
سب داستاں سنائیں جو آپ بھی ہوں خالی

پنڈت ہی نام میرا سب کچھ میں جانتا ہوں
پر یہ نہیں خبر ہے میں کون ہوں کہاں ہوں

पुस्तकालय

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہیں گھوٹ ڈالی میں نے کُتب جہان سب ہی

اور چھانا اُن کو اِتنا نکلا نہ باقی کچھ بھی

بھینسے و بکرے مُرغے کی بھینٹ بھی چڑھائی

تیرتھ برت کئے ہیں اور راس بھی رچائی

اُن سے نہیں بنا کچھ بلکہ قرار کھویا

اب تک نہ سُکھ سے جاگا نہ چین سے ہوں سویا

میں جانتا تھا پہلے رستہ یہی ہے آسان

جب آیا راستہ پر ہو بیٹھا ہوں ہراسان

وِدّیا کے بَل ہمارے سارے نکل گئے ہیں

وہم و گُمان کے پاؤں بالکل پھسل گئے ہیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

عقل و فکر نے میری مجھکو کیا ہے اندھا
اس سے نکالئے اب اور کاٹیے یہ پھندا
پنڈت کے بعد باری اب دوسرے کی آئی
بولا جناب سنئے دیتا ہوں میں دہائی
میں مولوی ہوں نامی روزے نماز اکثر
باقاعدہ کئے ہیں سارے جہاں سے بڑھ کر
لے لے کے نام مولا سب کو ذبح کیا ہے
قربانی کرکے مقتل کو خوں سے رنگ دیا ہے
مارا ہی کافروں کو بس بے دریغ میں نے
اور دینی دشمنی کو کی زیرِ تیغ میں نے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حاجی بھی بن کے آیا محراب بھی بنائی
لیکن نہ دل کی میرے اب تک ہوئی صفائی
اب آپ کچھ بتائیں ہو جس سے دلکو تسکیں
اس نفس بے حیا کو ہے بار بار نفریں
پھر اور ایک بولا ہے بھکشو نام میرا
جو کچھ کہ حکم بدھ تھا اُس پر چلا بہتیرا
ہو کر گیا میں آیا لیکن گیا اور آیا
پیچھے پڑی ہوئی ہے اب تک جناب مایا
من مجھکو مارتا ہے میں اس کو مارتا ہوں
نہ من ہی ہارتا ہے نہ میں ہی ہارتا ہوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نہ جانے کب سے میری یہ کشمکش ہے جاری

اس دُکھ درد میں میری بُدّھی گئی ہے ماری

وِشیوں سے کھینچ کے میں اس کو اگر لے آؤں

رکھوں میں اس کو کس جا کس پہ اسے ٹِکاؤں

پھر اُن میں چوتھا بولا ہے نام میرا ولیم

ہے باپ میرا اِلیسٹی دادی ہے میری مریم

سب کچھ کیا ہے میں نے انجیل کے مطابق

لیکن دوا نہ آئی کچھ مرض کے موافق

جب قصہ سارا اپنا یہ چاروں کہہ چکے تھے

پوچھا گیا پھر اُن سے باقی جو کچھ رہے تھے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کہنے لگے وہ سارے ہم ان کے پیچھے ہیں سب

کہتے رہے یہ جو کچھ کرتے رہے ہیں ہم سب

یہ بھی بھٹک رہے ہیں ہم بھی بھٹک رہے ہیں

ہر ایک دوسرے سے اپنا پٹک رہے ہیں

جب مُردِیا رسانے اُن کی سُنی کہانی

طرزِ بیان اُن کا اور اُن کی ہی زبانی

پھر چارہ گر یہ بولا لو غور سے سُنو تم

جو کچھ کہیں گے اسپرٹ کا کان اب دھرو تم

جیسے خدا نے سب کو ہے ایک سا بنایا

اعضا ہیں سارے یکساں اور ایک سی ہے کایا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایسے ہی سب کا مذہب بھی ایک سا ہی ہوگا

جانے جو اس کو کوئی کھٹکا نہیں رہے گا

رسم و رواج ملکی بیشک جدا ہیں سب میں

لیکن ہے حق شناسی اور آتش ایک سب میں

شخصی و ذہنی جھگڑا چھوڑو بھلائی لے لو

بس حق اسی کو سمجھو جو سب میں ایک سا ہو

سچ کو نہیں کسی نے ہرگز بُرا بتایا

ایسے ہی پریم رکھنا سب نے ہمیں سکھایا

ہر جا خدا کو مانا پنڈت نے اولیا نے

ہر سمت زیر و بالا ہیں اُسکے ہی ٹھکانے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

چوری نستے وِشے کو سب نے بُرا ہے مانا

کرنے کو اُن کے مذہب اِک ڈھونڈا ہے بہانا

بالوں کو کوئی رکھے یا اُن کو صاف کر دے

لیکن نہیں یہ ہوگا رب پاپ معاف کر دے

وہ ظاہری شکل سے ہے راضی نہ خفا ہے

وہ دیکھتا ہے لیکن اندر سے کون کیا ہے

سب میں سچائی کیا ہے اُس بات کو ہی مانو

اُس پر ایمان لاؤ اور اُس کو اصلی جانو

مثلاً خدا ہے سب میں سب اُس سے دل لگاؤ

دھوکا نہ اور کو دو حق کی کمائی کھاؤ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

قربانی گر ہے دینی اپنی خودی کو مارو
سچ بولو پورا تولو ہمت کبھی نہ ہارو

دیکھو خدا کو ہر جا حاضر حضور ہر دم
مردم آزاری چھوڑ دو حق کا اڑاؤ پرچم

بھکشو اگر ہو سچے مانگو دعا خدا سے
سب کا بھلا ہو چاہے اپنا نہ ہو بلا سے

اندر ہی اس کو دیکھو من کو وہاں لگاؤ
عاقل بنو گے سچے ابھیاس کو بڑھاؤ

کچھ جانتے ہو بدھ نے نروان کیسے پایا
سدھارتھ نے تھا خود کو کس طور بدھ بنایا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تم بھی اگر بنو گے ایسے ہی سچے تیاگی
سکھ شانتی کے پھر تو تم ہو گے سچے بھاگی
دُنیا کی ہے کہاوت تیاگی کے پیچھے بھاگی
جو اس کے پیچھے بھاگا اُس سے وہ دُور بھاگی

مذہب یا اس کے بانی کا نام لیتے رہنا
کرنا نہ کام کچھ بھی شکلیں بنائے رہنا
یہ جھوٹ ہے دغا ہے دُنیا میں یہ وبا ہے
ایماں خدا پہ لانا بس ایک ہی دوا ہے

ہے قول عیسےٰ مارے کوئی چپت جو تُجھ پہ
رُخ دوسرا بھی کر دو تا دوسرا دے اُس پہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کر سکتے ہو کیا ایسے تم بھی ذرا بتاؤ
گو نام ہے عیسائی عیسے سے ہے لگاؤ
ایسے ہی سارے پیرو بس نام کے ہیں پیچھے
ہر کام میں ہیں سب ہی اک دوسرے سے پیچھے
خدمت تو سچے دل سے خلق خدا کئے جا
اس کے لئے جئے جا اس کے لئے مرے جا
رنج و خوشی سے بالکل تو بے نیاز ہو جا
حکم خدا ہو گا نا تو اس کا ساز ہو جا
سچی یہی عبادت اور یہ ہی بندگی ہے
جن کے ہیں کام ایسے ان کی ہی زندگی ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دو سب کو سچی سِکشا اور راہِ حق دِکھاؤ

اور پریم کرنا سب کو تم پریم سے سکھاؤ

دعویٰ خدائی کرنا بس کفر ہے تو یہ ہے

مذہب کی آڑ لینا بس مکر ہے تو یہ ہے

کتّوں کی چال چھوڑو انسانیت کو سیکھو

سچی بہادری کی تم ذہنیت کو سیکھو

مردِ وفا بنو تم اہلِ جفا کو چھوڑو

حق سے لگاؤ آنکھیں ناحق سے مُنہ کو موڑو

مُلکی لڑائی لڑنا مذہب کا نام لیکر

اور مول لینا جھگڑا مولا کا دام دیکر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حرص و ہوا کے پیچھے دو نو جہاں کو کھونا
مٹّی سے گھر کو بھرنا اور پھینک دینا سونا

رام و رحیم کہنا اور سر اُتار لینا
منکے پہ ہاتھ رکھ کر تنکوں میں آگ دینا

کیا ہے یہی عبادت کیا یہ ہے دھرم و ایماں
اسکے لئے ہی آئے کیا ہو یہاں مہرباں

اوتار یا پیمبر کیا یہ ہی کہہ گئے تھے
کیا اس لئے ہی وہ سب دنیا پہ چھا گئے تھے

کہتے ہو تم کہ آئے تھے گھر سے وہ خدا کے
کیا حکم یہ ہی لائے تھے گھر سے وہ خدا کے

ل مالا کا دانہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایسا نہیں ہے بھائی ٹک آنکھ تو ملا کے
سوچو کہ رب کہاں ہے دل کو ذرا ٹکا کے

رستہ ہے ایک سب کا اور ایک ہی خدا ہے
ہاں کر بھلا تو سب کا بس اسمیں ہی بھلا ہے

او تشنہ کام بندے کیا تیری زندگی ہے
گر اُنس سے ہے خالی تو بس یہ گندگی ہے

تو جن کی سن رہا ہے وہ ہیں غرض کے بندے
خود غرضیوں سے بالکل وہ ہو رہے ہیں اندھے

بن کے کرشن کنھیا اور راس خود رچانا
تا کہ کوئی کہے تو وہ نام ہے بہانا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

رتھو جی کا نام لیکر بھنگ دھواں چڑھانا

کر دیوی جی کو آگے پینا پلانا کھانا

کیا دیوی دیوتا کا یہ ہی ہو کام بھائی

کیا نام کی تھی اُن کے قیمت یہی کمائی

کیوں اندھے ہو رہے ہو ٹک دل کی آنکھ کھولو

جو بولتے ہو پہلے اُس کو ذرا تو تو لو

اُن کو بھی کر رہے ہو بدنام ہو رہے ہو

دونو جہاں میں خود ہی ناکام ہو رہے ہو

اندھے کو اندھا رستہ کیسے بھلا بتا وے

جو خود ہی کھو رہا ہو اور ول کو کیا سجھاوے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جس کی نظر میں دنیا اوّل و آخرت ہے

اور اُسکے بھوگوں سے ہی ان کو موافقت ہے

بس سمجھو اُس کو اندھا اور ہے سدا کا روگی

اور زندگی بھر اس کو سچّی خوشی نہ ہوگی

ایسا ہی ہوگا اُن کی جو پیروی کرے گا

روتا ہی وہ رہے گا جو اُن کی راہ چلے گا

جو اوروں کی بھلائی اپنی بھلائی سمجھے

اور ظلم کو دبانا سچّی کمائی سمجھے

اور جس کی آنکھ حق پر ہردم لگی ہوئی ہو

ناحق سے اس کی دل میں ہر وقت کھٹ پٹی ہو

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بس ایک ہی خدا کو وہ دل سے مانتا ہو
سارے جہاں کے بندوں کو بھائی جانتا ہو

سب سے ہی پریم رکھنا اپنا اصول سمجھے
اوتار اس کو سمجھے اس کو رسول سمجھے

مردِ خدا وہی ہے جو حق کی راہ بتا دے
ناحق کی دنیا داری سے دنیا کو بچائے

مذہب ہو پریم اس کا ہو حق سے ہو رشتہ داری
جس میں ہو پریم ست کا ہو اس سے ہو ناطہ داری

جس جاتی میں ہو پیدا اس کی بھلائی چاہے
اور غیر جاتی کا بھی ہرگز نہ دل دکھائے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

برعکس ہو جو اس کے اس کو بھی راہ پہ لاوے

انگلی پکڑ کے اندھوں کو راستہ دکھا دے

اور دین بیکسوں پر جاں کو نثار کر دے

نیچے گرے ہوؤں کو من پر سوار کر دے

حتی الوسع نہ جھگڑے جھگڑے سے خوب جھگڑے

ست کی چٹان سے بس اس من کو خوب رگڑے

جو پریم سے نہ مانے تو نیم سے منا دے

دو نو سے جو نہ مانے اس کو نہ پھر مناوے

بس سچی سیدھی باتیں مانے منائے سب کو

اپنے عمل سے رستہ حق کا دکھائے سب کو

عقل

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جو جان کر نہ سمجھے اس کو خدا ہی سمجھے

اس سے کنارا کرنا اس میں بھلائی سمجھے

آسان ہے جگانا جو سو رہا ہو کوئی

جو جاگتا ہو لیکن اوڑھے کپٹ کی لوئی

اس کا جگانا جانو ہے وقت کا گنوانا

بہتر ہے جتنی جلدی اس سے نجات پانا

بس وقت اس کو آخر بیدار خود کرے گا

یا ایسا سوئے گا وہ پھر اٹھ نہیں سکے گا

جو کرنا ہو کرو تم دیکھو نہ آگے پیچھے

ایسا نہ ہو پڑے پھر پچھتانا تم کو پیچھے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یہ سنکے سب نے سرکو اپنے دہیں جھکایا
گویا کہ رستہ اصلی اب سامنے ہے آیا

سب اک زبان ہو کر بولے جناب رہبر
ارشاد جو ہوا ہے ہم سب چلیں گے اُس پر

رستہ یہی ہی سچا ہم اِس پہ سب چلیں گے
سب پریم سے رہیں گے اور حق کی ہم کہینگے

بھولا جو ہوگا رستہ اس کو دکھائیں گے ہم
بھٹکے ہوئے مسافر کو راہ لگائیں گے ہم

دنیا میں سارے بندے جو اس قماش کے ہوں
سب چین سے رہیں پھر دکھ درد انکے رم ہوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوروں کی جان لینا پھر اُن کو لُوٹ لینا
بستے ہوے گھروں کو بالکل اُجاڑ دینا
معراج آجکل کی طاقت کی بس یہی ہے
جو اِس کے ہو نہ حق میں پوچھے نہیں کوئی ہو
اب جان لینا بل ہے پہلے تھا بخش دینا
پہلے تھا بھینٹ دینا اب مال لُوٹ لینا
علم و صداقت اب تو دنیا سے اُٹھ گئی ہے
جنگ وجدل کی بستی بستی نئی نئی ہے
اب دیوتا امن کا بھاگا اسی لئے ہے
اور بھُوت خودسری کا جاگا اسی لئے ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جو چاہتے ہو پھر سے آوے گیا امن وہ
پھولا پھلا جو چاہو اجڑا ہوا چمن وہ
تو دل میں اپنے گنگا تم پریم کی بہاؤ
اور غیریت کے بوٹے کو جڑ سے تم ہٹاؤ
جو رکھنا چاہتے ہو دائم قرار دل سے
اور رنج و غم کا لشکر ہووے فرار دل سے
جو چاہتے ہو پھر سے قائم اماں ہو یاں پر
بادل کرم کا برسے جلتے ہوئے جہاں پر
مذہب کا بھانڈہ پھوڑو جام جدائی توڑو
پی لو شرابِ وحدت مولا سے ناطہ جوڑو

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تیرتھ و حج و مذہب ملّت بھی بس یہی ہے
اور سورگ ہے تو یہ ہے جنّت بھی بس یہی ہے
معنی ہے سُورگ کے ہی یکرنگ ہونا سب کا
دِل ایک جیسا سب کا اِک ڈھنگ ہونا سب کا
سارا جہاں خدا کا خلقت سبھی ہے اُسی کی
اس کو مٹائے رکھے طاقت ہے بس اُسی کی
فرعون اور راون اپنی سی کر گئے سب
ساون کے ندی نالے چڑھ کے اُتر گئے سب
رکھے یا جان لیوے مولا کے ہاتھ میں ہے
راضی رضا پہ رہنا بندے کے ہاتھ میں ہے

نوٹ :- سُو - اپنا - ورگ - رنگ یا ذات - یعنی ہم رنگ یا ہم ذات

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوقات اپنی اس کو کچھ یاد جب رہے گی
سکھ چین سے یہ دنیا آباد تب رہے گی

بندہ کبھی بھی اپنی اوقات کو نہ بھولے
طاقت ہے سب خدا کی اس پر کبھی نہ بھولے

جو بات کو نہ مانے کھائے گا لات اک دن
چلتا ہے جو اکڑ کر ٹھوکر لگے گی اک دن

جہل و خودی ہو جس میں حیوان اس کو سمجھو
ہو علم و حلم جس میں انسان اس کو سمجھو

جس میں کہ اکڑ فوں ہے حیوان بس وہی ہے
جو اُلفت سے بھرا ہے انسان بس وہی ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جو زیرِ نفس کے ہے حیوان اُس کو جانو
جس کے ہو نفس تابع انسان اس کو مانو

ہر اک پہ مہرباں ہو رب مہربان ہوگا
رب مہربان ہوگا جگ مہربان ہوگا

اصلی بڑائی یہ ہو ہاں گر توں کو اُٹھانا
اصلی بھلائی ہے یہ ہے کس کے کام آنا

تخمِ خودی ہے موجد بربادیٔ جہاں کا
ہے پریم ایک نسخہ آبادیٔ جہاں کا

حرص و ہوس کے بندے کب پھولے اور پھلے ہیں
چڑھ چڑھ کے آسماں پر مٹی میں وہ ملے ہیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تخمِ حسد و کینہ برباد گر نہ ہو گا
رنج و الم سے عالم آزاد پھر نہ ہو گا

ظالم کو ڈنڈ دینا یہ بھی بہادری ہے
پر اُس سے ظلم کھونا اصلی بہادری ہے

ہے ظلم اور ظالم کے بیچ کا جو پردہ
ہے اُس کو پھاڑ دینا اصلی خدا کا سجدہ

بندے خدا کے بنکر بندوں کا جی جلانا
یہ جی جلانا کیا ہے مولا کا گھر جلانا

دِل ہی خدا کا گھر ہے سب اس کو جانتے ہیں
جو رب کو ملنا چاہیں بس اس کو مانتے ہیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پرتو ہی جس کے دل میں رب کے ظہور کا ہو
کیونکر خیال اُس کا جھگڑے فطور کا ہو

دیکھے گا ہر جگہ ہی حاضر حضور وہ تو
جگ ہے خودی کی سیاہی ہے رب کا نور وہ تو

ہر ذرہ میں رہا ہے پھر بیر کس سے رکھے
بہتر ہے سینہ زوری گر نفس سے ہو اپنے

گر بندے کو نہ ہووے بندے سے دل میں کینہ
تو خاتم جہاں کا سمجھو اُسے نگینہ

وعدہ کا پورا کرنا پابندِ وقت ہونا
اِس سرزمیں سے دونو اب ہو گئے ہیں سونا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جس دیش اور جاتی کا ہووے ایسا خاکہ

ہاں کیوں نہ پھر اُڑے گا دُنیا میں اُس کا خاکہ

بس نام کی ہی خاطر ہوتی ہے سینہ زوری

جب کام آپڑے کچھ بن جاتے ہیں وہ لوٹری

اپنے سے خود ہی اپنا جب اعتبار اُٹھے

تم ہی بتاؤ اُس کو آئے قرار کیسے

کینہ کی مکر کی ہو چنگاری جسکے دل میں

بس سمجھو آگ کی ہے انگاری اس کے دل میں

چاہو جو بہتری ہو خود غرضی بھول جاؤ

بھاتی جو ہو بھلائی بھائی کے کام آؤ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اُس کا گرے پسینہ تم اپنا خوں گراؤ

عِوضانہ اِس کا ہرگز کچھ دل میں کبھی نہ چاہو

اوروں کے کام آؤ خودغرضیوں کو چھوڑو

بس فرض کو نبھاؤ اور پھل سے مُنہ کو موڑو

جو پھل پہ آنکھ رکھ کر کچھ کام کر رہا ہے

ایمان کو وہ گویا بدنام کر رہا ہے

بس فرض سمجھو اپنا اور کام سب کرو تم

پھل اچھا یا بُرا ہو پرواہ مت کرو تم

مالک پہ ہو بھروسہ بندوں سے ہو مُحبّت

انساں ہونے کی عِزّت دل میں ہو سچّی ہِمّت

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جس کی ہو ایسی عادت جس کی ہو ایسی خصلت
جس جا ہوں ایسے بندے اصلی وہی ہے جنّت

کیسے فروغ پائے یہ بے فروغ دُنیا
کیونکہ فروغ پر ہے اہلِ دروغ دُنیا

جو بندہ سچے دل سے بندہ نواز ہو گا
وہ حق کے روبرو بھی پھر سرفراز ہو گا

دُنیا میں اُس کا ہو گا ہر جا ہی بول بالا
اور دین میں بھی اُس کو جے کی ملیگی مالا

جو نام دین کا لے کرتا ہے اُلٹو سیدھا
کھانا پڑے گا اُس کو پھر لید کا ملیدا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

گر چھوڑ گئے ہیں سو دِن اک سادھ کا بھی ہوگا
جو آج کے ہیں سو دِن اک بعد کا بھی ہوگا

ہونا ہے سُرخرو گر دونو جہاں میں تم نے
تو سچّے دل سے حق کی راہ پر چلو خوشی سے

ہووے کوئی شہنشاہ بندہ ہو یا رعایا
جس نے خودی کو چھوڑا اُس نے خدا کو پایا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

شاہدہ

جگ میں دو دن کی گذران

نہ یہ تیرا نہ ہو میرا　　دونوں ہیں مہمان
جو کچھ درشٹی گوچر ہو یاں　　یا کو نِتھر مت مان
جگ میں امرت ایک پربھو ہے　　شیش ہو وِش کی کھان
ستیہ پریم بن نظر نہ آوے　　گھٹ میں ہو بھگوان
جو تو ہر کو پانا چاہے　　تھیا موہ کر دان
جب لگ سوارتھ پرائن پاتی　　شرُت اگیہ سمان
شاہنشاہ جگ میں پربھو ایسے
جِم کایا میں پران

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مشاہدہ

جا گھٹ ناہیں پربھو کو دھیان
وا گھٹ کو مرگھٹ سم جانو۔ جنم کایا بن پران
جا تیا بن ستیہ پریم جنم = سُور بن جیسے گان
دھرم کرم بن دیا ہو جیسے = دھن ہو جنم بن مان
سرِتا تال باری بن جیسے بستی بن اُودیان
بنجریہ بن جنم مکتی سکھ = وپتی بن سنتان
من وش ہوئے بنا شاہنشاہ = نکمّا ہو جنم بن گیان

---

۱ قیمت ۲ جیسے ۳ گنا ۴ ندی ۵ تالاب ۶ پانی
۷ باغیچہ ۸ مرد عورت کا جوڑا ۹ غریب آدمی۔

